اوٹسوکا پاکستان لمیٹڈ

اطلاع برائے اجلاس

مطلع کیا جاتا ہے کہ اوٹسوکا پاکستان لمیٹڈ کا اڑتیسواں (38ویں) سالانہ اجلاس بروز ہفتہ، 28 اکتوبر 2026 کو بوقت صبح 11:00 بجے، بمقام روم A&B، ہومون پیک ہوٹل، کلب روڈ، پی او باکس 3918، کراچی میں فزیکل کے ساتھ ساتھ الیکٹرانک ذرائع/آن لائن اجلاس کی سہولت کے ذریعے مندرجہ ذیل امور کی انجامدہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

عمومی امور:

1- 30 جون 2026 کو اختتام پذیر سال کیلئے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس معہ چیئرمین، پریذیڈنٹ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

2- 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے اگلے دو سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرہ کا تعین۔

3- چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجامدہی۔

بحکم بورڈ

عامر خالد
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
2 اکتوبر 2026ء

نوٹس:

سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت:

حصص یافتگان کو ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام (AGM) کی کارروائی میں شرکت کی ترغیب دی جاتی ہے، جو کمپنی اور کمپنی کے شیئر رجسٹرار یعنی میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ذریعے فراہم کی جائے گی۔

وہ حصص یافتگان اور نمائندے جو ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے کے خواہشمند ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کو ای میل secretarialcompliance@otsuka.pk یا شیئر رجسٹرار کو ای میل sfc@thk.com.pk پر "38ویں سالانہ اجلاس عام کے لیے رجسٹریشن" کے عنوان کے ساتھ اپنی معلومات اور CNIC کی درست کاپی بھیجیں۔ ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ان ممبران کو فراہم کی جائیں گی جن کی ای میل، جس میں تفصیلات (یعنی: نام، فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر، CNIC نمبر/NTN اور موبائل نمبر) شامل ہوں، AGM سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائیں۔

A. کتاب کی بندش اور پراکسی:

(i) کمپنی کی متعلقہ حصص کتب 22 اکتوبر 2026ء سے 28 اکتوبر 2026 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

(ii) سالانہ اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں۔ نوٹری سے تصدیق شدہ پراکسی کی تقرری کا دستاویز اور پاور آف اٹارنی اور دیگر اتھارٹی معہ پاور آف اٹارنی کی دستخط شدہ اور نوٹری سے تصدیق شدہ کاپی اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں داخل کرانی ہوگی۔

(iii) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ فرد جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور اس کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ہوں، پراکسی فارم مندرجہ بالا شرائط کے تحت جمع کرائیں۔

(iv) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہیے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر (CNIC) فارم میں درج ہوں۔

(v) بلینفیشل اونرز کی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ہمراہ منسلک ہوں۔

(vi) پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔

(vii) کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نمونہ دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) پراکسی فارم کے ہمراہ منسلک کرنے ہوں گے۔

(viii) سی ڈی سی اکاؤنٹس ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے سرکولر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں درج کردہ ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

B. برائے اجلاس میں شرکت:

(i) انفرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا اس فرد کو جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور اس کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ہوں، اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کیلئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوں گے۔

C. کمپنی کی ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی دستیابی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 223 کے مطابق اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کے SRO نمبر 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ رپورٹ کی ترسیل کی اجازت دی گئی ہے۔ کمپنی نے 2 اکتوبر 2023 کو منعقدہ اپنے گزشتہ سالانہ اجلاس عام میں کمپنی کی سالانہ رپورٹ لاگین کو QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے فراہم کرنے کی حصص یافتگان سے منظوری حاصل کر لی ہے۔ سالانہ رپورٹ درج ذیل QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے دستیاب ہے۔

https://otsuka.pk/uploads/files/Annual_Account_2025-26.pdf

D. ای میل کے ذریعے سالانہ رپورٹ اور اجلاس کے نوٹس کی ترسیل (اختیاری):

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (6)223 کی دفعات کے تحت، کمپنیوں کو اجازت دی گئی ہے کہ وہ اپنے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات، آڈیٹر کی رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ ("سالانہ رپورٹ") اور سالانہ اجلاس عام ("نوٹس") کے نوٹس کو اپنے حصص یافتگان کو ای میل کے ذریعے ارسال کریں۔ 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کی سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ (www.otsuka.pk) پر بھی دستیاب ہے۔

E. NTN/CNIC تفصیلات کی جمع آوری اور کوائف کو اپ ڈیٹ کرنا (لازمی تقاضہ):

انفرادی حصص یافتگان کو ایک بار پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ اپنے درست CNIC کی ایک کاپی جمع کرائیں، اگر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو پہلے فراہم نہ کی گئی ہو۔ کمپنی کے ریکارڈ میں حصص یافتگان کے CNIC کی درست کاپی کی عدم دستیابی کی صورت میں، کمپنی کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 243 کے تحت ڈیویڈنڈ کو روک لے گی۔

حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں اگر کوئی تبدیلی ہو تو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔ کاروباری ادارے کی صورت میں، حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر قابل اطلاق ہو تو اپنے نمائندہ کے کوائف میں تبدیلی فوری طور پر مطلع کریں۔

F. غیر ادا شدہ ڈیویڈنڈ اکاؤنٹ:

کمپنی نے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244 کے تحت اپنی ذمہ داری گزشتہ ہی ادا کر دی ہے، جس کے تحت کمپنی نے حصص یافتگان سے رابطہ کیا تاکہ وہ اپنے غیر واجبی شدہ منافع منقسمہ اور غیر فراہم کردہ شیئر سرٹیفکیٹس کے حصول کے لیے قانون کے مطابق درخواست دیں۔

حصص یافتگان، جن کے منافع ابھی تک غیر واجبی شدہ ہیں اور/یا جن کے غیر فراہم کردہ شیئر سرٹیفکیٹس کمپنی کے پاس موجود ہیں، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ شیئر رجسٹرار یا کمپنی سے اپنے واجب الادا منافع منقسمہ کی رقم اور/یا غیر فراہم کردہ شیئر سرٹیفکیٹس کا واجبی کرنے کیلئے رجوع کریں، کیونکہ یہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں جمع کرائے جائیں گے، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2)244 میں درج ہے۔

G. سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کی تبدیلی (بک انٹری کے سسٹم):

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے تحت، تمام لسٹڈ کمپنیوں کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ وہ فزیکل شکل میں درکھے گئے شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کریں، جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے نفاذ کی تاریخ سے چار (4) سال کے اندر ہونا لازمی ہے۔ SECP کے لیٹر نمبر 640-639-2016/Misc./CSD/ED مورخہ 26 مارچ 2021 کے مطابق، کمپنی فزیکل شکل میں شیئرز رکھنے والے تمام حصص یافتگان سے رابطہ کر رہی ہے اور درخواست کر رہی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کریں تاکہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق عمل کیا جا سکے۔ حصص یافتگان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں تاکہ وہ فزیکل شکل میں رکھے گئے شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کرنے کے عمل کو سمجھ سکیں اور انکی تعمیل کریں۔

H. پوسٹل بیلٹ:

کمپنی (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط کسی دیگر ایجنڈہ کے آئٹم کے لیے، ممبران کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، جو کہ ڈاک کے ذریعے یا کسی بھی الیکٹرانک موڈ کے ذریعے، مذکورہ ضوابط میں موجود حصوں اور طریقہ کار کے مطابق ہو۔

I. ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کی سہولت:

کمپنیز ایکٹ، 2017 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے تقاضوں کے تحت حصص یافتگان کو ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

J. پراکسی، ای-مینڈیٹ، بیلٹ پیپر اور ویڈیو لنک کانفرنسنگ کی سہولت کے لیے، رضامندی فارم ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے: www.otsuka.pk

نوٹ: حصص یافتگان سے استدعا ہے کہ وہ اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر 2، DHA، فیز VII، کراچی، ٹیلیفون نمبر 322-000-111 (0092-21)، کسٹمر سپورٹ سروسز ٹیلیفون نمبر: 35310191 (0092-21)، ای میل: sfc@thk.com.pk کو مطلع کریں۔

مزید کسی سوال/مسئلہ/معلومات کیلئے، سرمایہ کار مذکورہ بالا تفصیلات پر شیئر رجسٹرار سے یا کمپنی سیکریٹری سے مندرجہ ذیل تفصیلات پر سے رابطہ کر سکتے ہیں:

جناب عامر خالد، کمپنی سیکریٹری، اوٹسوکا پاکستان لمیٹڈ، B-30، S.M.C.H.S، کراچی-74400، ٹیلیفون: 34528652- 4 بمع ایکسٹینشن 356)، ای میل: secretarialcompliance@otsuka.pk